Education & Communities
Public Schools NSW

# HEAD LICE TREATMENT OPTIONS
## INFORMATION FOR PARENTS AND CARERS
## URDU

# سر کی جوؤں کے علاج کے مختلف طریقے
## والدین اور سرپرستوں کیلئے معلومات

## سر کی جوؤں کے علاج کے دو مختلف طریقے ہیں۔

1. مکینکل طریقے سے جوئیں نکالنا (جوؤں والی کنگھی سے جوئیں نکالنا)
2. کیمیکل طریقے سے جوئیں نکالنا

### مکینکل طریقے سے جوئیں نکالنا

مکینکل طریقے میں خشک بالوں میں ایک عام ہیئر کنڈیشنر لگایا جاتا ہے۔ تمام بالوں پر اچھی طرح کنڈیشنر لگا کر ایک عام کنگھی سے بال سلجھائیں اور بالوں کو الگ حصوں میں تقسیم کریں۔ پھر لمبے باریک دندانوں والی دھاتی جوؤں کی کنگھی سے بالوں کے الگ حصوں میں کنگھی کریں۔ کنڈیشنر جوؤں کو ہلاک نہیں کرتا لیکن یہ تقریبا 20منٹ کیلئے انہیں مفلوج کر دیتا ہے جس سے انہیں نکالنا آسان ہو جاتا ہے۔ جوؤں والی کنگھی لیکھیں (انڈے) اور مفلوج جوئیں نکال دے گی۔ کنگھی کو ایک سفید ٹشو سے پونچھیں اور جوؤں یا لیکھوں کیلئے چیک کریں۔ تب تک کنگھی کرتے رہیں کہ ٹشو پر مزید جوئیں دکھائی دینی بند ہو جائیں۔ یہ طریقہ ہر دوسرے دن استعمال کرنا چاہیئے حتی کہ جوئیں بالکل باقی نہ رہیں (بالعموم تقریبا 7سے10 دن)۔

سر کی جوؤں کے علاج کیلئے یہ ترجیحی طریقہ ہے کیونکہ یہ مؤثر ہے، اس طریقے سے جوؤں میں کیڑے مار دوائیوں کے خلاف مزاحمت پیدا نہیں ہوتی اور اس میں جلد پر سوزش کا خطرہ بھی کم ہے۔

مکینیکل طریقہ جوؤں کے سر میں پکا ٹھکانہ بنا لینے سے پہلے بھی جوؤں سے نبٹنے میں مدد دیتا ہے۔ شاور میں ایک اچھی جوؤں والی کنگھی رکھیں اور گھر کے افراد ہر دفعہ بال دھوتے ہوئے یہ کنگھی بالوں میں پھیریں۔ اس طرح یہ یقینی ہو جاتا ہے کہ جوئیں بہت زیادہ انڈے دینے سے پہلے ہی پکڑی جائیں۔

اگر آپ کے بچے اتنے بڑے ہیں کہ اپنا سر خود دھو سکتے ہیں تو انہیں خود کنگھی پھیرنے کی ترغیب دیں۔ یا کنگھی کو اس جگہ پہنچ میں رکھیں جہاں آپ بچوں کے سر دھوتے ہیں اور ہر دفعہ بچوں کے سر دھوتے ہوئے کنگھی استعمال کریں۔

### کیمیکل طریقے سے جوئیں نکالنا

اگر آپ کیمیکل طریقہ استعمال کرنے کا انتخاب کریں تو ہدایات پر احتیاط سے عمل کرنا یاد رکھیں۔ اگر ایک کیمیکل دوا کا اثر ظاہر نہ ہو تو یہی دوا دوبارہ لگانے کا لالچ نہ کریں۔ اس کی بجائے کوئی اور دوا لگائیں جس میں مختلف کیمیکلز شامل ہوں یا کنگھی اور کنڈیشنر والا طریقہ استعمال کریں۔ آپ کیلئے7 دن بعد علاج دہرانا ضروری ہے تاکہ انڈوں سے نکلنے والی نئی جوئیں ہلاک ہو جائیں۔ آپ کو جوؤں والی کنگھی استعمال کرنے کی ضرورت بھی ہو گی تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ علاج اثر کر رہا ہے۔ اگر آپ کو مردہ جوئیں ملیں تو دوا نے اثر کیا ہے۔ اگر آپ کو زندہ جوئیں ملیں تو دوا نے اثر نہیں کیا۔

جب آپ کے بچے کے سر میں جوئیں اور لیکھیں ختم ہو جائیں تو باقاعدگی سے باریک دندانوں والی کنگھی اور کنڈیشنر سے بالوں کو چیک کرنا یاد رکھیں۔ جلد دریافت اور علاج کر لینے سے گھر کے لوگ اور ساتھی طالبعلم دوبارہ جوئیں پڑنے سے بچ جائیں گے۔

### بستر کی چادروں، غلافوں اور کپڑوں کیلئے کیا کرنا چاہیئے

تحقیق سے نشاندہی ہوتی ہے کہ بستر کی چادریں اور غلاف، ٹوپیاں، کپڑے اور فرنیچر جوؤں یا لیکھوں کو ٹھکانہ مہیا نہیں کرتے اور نہ ہی انہیں دوسرے لوگوں تک پہنچاتے ہیں اور علاج کی غرض سے انہیں دھونے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ لیکھیں اور جوئیں صرف انسانی سر میں زندہ رہتی ہیں۔ اگر انہیں سر سے نکالا جائے تو یہ جلد ہی پانی کی کمی کا شکار ہو کر مر جاتی ہیں۔

ان معلومات کی بنیاد NSW ہیلتھ Nitbusters ویب سائیٹ پر دستیاب معلومات پر ہے۔